# بائسیکل اسٹیشن پروجیکٹ

شرائط استعمال کا معاہدہ

**شرائط استعمال**

ٹورنٹو بائیسکل اسٹیشن پر اپنی سائیکل کھڑی کرنے کے لیے آپ پر سب سے پہلے درج ذیل شرائط استعمال کو پڑھنا اور ان سے اتفاق کرنا لازم ہے۔ درخواست دہندگان کو پہلے آئیں – پہلے پائیں کی بنیاد پر قبول کیا جائے گا۔ سٹی آف ٹورنٹو ("سٹی") کے بائسیکل اسٹیشن کا صارف بننے کی آپ کی درخواست قبول کر لینے پر، آپ کی درخواست اور درج ذیل شرائط استعمال کا معاہدہ ایک واجب التعمیل معاہدہ بن جائے گا۔

**1. __فیس__**

میں تسلیم کرتا ہوں کہ مجھ سے سٹی کو بائیسکل اسٹیشن فیس ادا کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے جیسا کہ ٹورنٹو میونسپل کوڈ، باب 441، فیس اور چارجز میں، اور بائیسکل اسٹیشن کی ویب سائٹ www.toronto.ca/cycling/bicycle-station پر مندرج ہے۔ اس فیس میں رجسٹریشن فیس اور پارکنگ پلان کی فیس شامل ہے۔ رجسٹریشن فیس ایک انتظامی فیس ہے اور میں بائیسکل اسٹیشن استعمال کرنے کے لیے پہلی بار رجسٹریشن کراتے وقت یہ فیس ادا کروں گا۔ پارکنگ پلان کی فیس سے میں جو پارکنگ پلان منتخب کرتا ہوں اس کے لحاظ سے 1 دن، 1 ماہ، یا 4 ماہ تک مجھے اسٹیشن پر اپنی سائیکل کھڑی کرنے کی سہولت ملے گی۔ پارکنگ کی جگہوں کی ایک محدود تعداد 1 دن کی پارکنگ (پے اینڈ پارک) کے لیے ریزور ہوگی۔ اگر میں پے اینڈ پارک پلان کا انتخاب کرتا ہوں تو مجھے ایک دن کے لیے، صرف عملہ کے اوقات کار کے دوران اسٹیشن پر رسائی حاصل ہوگی، اور مجھ سے رجسٹریشن فیس ادا کرنے کا تقاضا نہیں کیا جائے گا۔ مجھے تمام تر فیس معاہدے کی مدت کے پہلے دن یا اس سے پہلے ادا کرنا لازم ہے۔ میں اپنی کنجی کا فیتہ، یا اپنا رجسٹریشن فیس، پارکنگ پلان کی فیس، یا بائیسکل اسٹیشن کی کوئی دیگر فیس منتقل نہیں کر سکتا ہوں، نہ ہی میں کسی فریق ثالث کو انہیں تفویض کروں گا۔

بائیسکل اسٹیشن کی فیس سٹی کی کلی صوابدید پر تبدیل ہو سکتی ہے۔ تاہم، میں جو فیس ادا کرنے کا پابند ہوں وہ مقررہ معاہدے کی مدت کے دوران تبدیل نہیں ہوگی۔ صارف کی فیس میں کوئی بھی اضافہ یا کمی نئی ادائیگیوں یا تجدید کی ادائیگیوں پر لاگو ہوگی۔

اگر میری کنجی کا فیتہ گم ہو جاتا ہے، یہ چوری ہو جاتا ہے یا میرے پارکنگ پلان کی میعاد ختم ہو جانے پر میں اسے واپس نہیں کر پاتا ہوں تو، میں سٹی کو رسائی کارڈ ریپلیسمنٹ فیس ادا کروں گا۔ میں بائیسکل اسٹیشن کے کسی ایسے ساز و سامان کے مدنظر تاخیر سے واپسی یا نقصانات کی فیس ادا کروں گا جو مستعار لی گئی ہے اورتاخیر سے اور/یا خرا شدہ اور/یا گندی حالت میں واپس کی گئی ہے۔ اگر میں اپنی سائیکل کو بائیسکل اسٹیشن پر پارک کر کے لگاتار 48 گھنٹے سے زیادہ مدت تک چھوڑ دیتا ہوں (سنیچر، اتوار اور قانونی تعطیلات شامل نہیں ہیں) تو میں سٹی کو زائد قیام کی فیس ادا کروں گا۔ یہ تمام فیس ٹورنٹو میونسپل کوڈ، باب 441، فیس اور چارجز میں، اور بائیسکل اسٹیشن کی ویب سائٹ پر درج ہیں اور 30 دنوں کے اندر ادائیگی ہونا لازم ہے۔ میں بائیسکل اسٹیشن سے متعلقہ کوئی بقایا فیس سٹی کو مجھے کنجی کا فیتہ جاری کرنے یا پارکنگ پلان کی میری تجدید پر کارروائی کرنے سے پہلے ادا کرنے پر متفق ہوں۔

**2. __گاہک کی ذمہ داریاں__**

میں بائیسکل اسٹیشن کو کلی طور پر سائیکل کھڑی کرنے کے مقصد سے استعمال کروں گا۔ میں کبھی بھی بائیسکل اسٹیشن میں غذا، سڑنے والے آئٹمز، خطرناک یا قابل احتراق سامان، بشمول تیل یا ایروزول کے کین اسٹور نہیں کروں گا۔ اگر میری سائیکل کے ساتھ کوئی تھیلے منسلک ہوں تو، میں یقینی بناؤں گا کہ وہ خالی ہیں اور سٹی کسی بھی وجہ سے ان کا معائنہ کر سکتی ہے۔

میں اسٹیشن پر داخل ہونے میں، سائیکل ریکس کو آپریٹ کرنے میں کسی پریشانی، یا بائیسکل اسٹیشن کی فسیلیٹی کو ہونے والے کسی نقصان سے سٹی کو فوری طور پر مطلع کرنے سے اتفاق کرتا ہوں۔

**3. __شرط__**

میں اس امر سے اتفاق کرتا ہوں کہ بائیسکل اسٹیشن پارکنگ کا میرا پلان گاہک والی میری رسید پر متعین تاریخوں کو شروع اور ختم ہو جائے گا۔

اگر میں اپنی چالو پارکنگ پلان کی مدت کی اختتامی تاریخ کو یا اس سے پہلے سٹی کو نئے پارکنگ پلان کی فیس ادا نہیں کرتا ہوں تو، سٹی میری کنجی کے فیتے کو تب تک کے لیے غیر فعال کر دے گی جب تک میں بائیسکل اسٹیشن کا نیا پارکنگ پلان نہیں خرید لیتا۔ بائیسکل اسٹیشن کے پارکنگ پلانز پہلے آئیں پہلے پائیں کی بنیاد پر دستیاب ہیں۔

یا تو میں خود، یا سٹی کبھی بھی، کسی وجہ سے یا وجہ کے بغیر اور پیشگی نوٹس کے بغیر اس معاہدے کو ختم کر سکتے ہیں۔ اگر یہ معاہدہ فیس کی میری مدت سے پہلے ختم ہو جاتا ہے تو میرے رجسٹریشن کی فیس یا بائیسکل اسٹیشن کے پارکنگ پلان کی فیس کی کوئی رقم مجھے ریفنڈ نہیں کی جائے گی۔

اگر میرے یا سٹی کے ذریعہ یہ معاہد ختم کیا جاتا ہے تو، میں بائیسکل اسٹیشن کی تمام پراپرٹی 30 دنوں کے اندر بائیسکل اسٹیشن کو واپس کردوں گا۔

میں سائیکل کو بائیسکل اسٹیشن میں لگاتار 48 گھنٹے سے زیادہ وقت تک کھڑی کرکے نہیں چھوڑوں گا۔ اگر میں لگاتار 48 گھنٹے سے زیادہ وقت تک سائیکل کھڑی کر کے چھوڑ دیتا ہوں تو، میں زائد قیام کی فیس ادا کرنے سے اتفاق کرتا ہوں اور میں اس امر سے اتفاق کرتا ہوں کہ بائیسکل اسٹیشن کا میرا پارکنگ پلان ختم کیا جا سکتا ہے۔

**4. __جوابدہی / تاوان ادا کرنا__**

میں سٹی کو اور سٹی کے بورڈ اور اس کے ہر ایک متعلقہ ملازمین، ڈائریکٹرز، افسران، بحال کردہ یا منتخب شدہ عہدیداران، خادمین، ایجنٹس اور رضاکاران کو مجھے یا کسی دیگر فرد یا پراپرٹی کو ہونے والے کسی بھی ایسے ضرر کے مدنظر کسی بھی ایسی جوابدہی سے بری قرار دینے سے اتفاق کرتا ہوں جو بے توجہی، ساز و سامان کے انتخاب اور/یا ایڈجسٹمنٹ اور/یا سائیکل اسٹیشن میں میری سائیکل یا سائیکل سے متعلق پوشش اسٹور کرنے کے نتیجے میں ہوا ہو جس میں کوئی ایسے بالواسطہ، خصوصی، اتفاقی یانتائجی نقصانات یا ضرر شامل ہیں جو سائیکل اسٹیشن کے میرے استعمال کی وجہ سے یا اس کے تعلق سے پیدا ہوئے ہوں۔ میں سٹی کو اور سٹی کے بورڈ اور اس کے ہر ایک متعلقہ ملازمین، ڈائریکٹرز، افسران، بحال کردہ یا منتخب شدہ عہدیداران، خادمین، ایجنٹس اور رضاکاران کو بائیسکل اسٹیشن پر اسٹور کردہ کسی پراپرٹی کی چوری، زیاں یا اخراج کی کسی بھی جوابدہی سے بری قرار دینے سے اتفاق کرتا ہوں۔

میں سٹی کو اور سٹی کے بورڈ اور اس کے ہر ایک متعلقہ ملازمین، ڈائریکٹرز، افسران، بحال کردہ یا منتخب شدہ عہدیداران، خادمین، ایجنٹس اور رضاکاران کو فریق ثالث کے ذریعہ کسی بھی یا تمام ایسے دعووں کا تاوان ادا کرنے یا ضرر سے پاک رکھنے سے مزید اتفاق کرتا ہوں جو سٹی، سٹی کے بورڈ یا اس کے کسی بھی متعلقہ ملازمین، ڈائریکٹرز، افسران، بحال کردہ یا منتخب شدہ عہدیداران، خادمین، ایجنٹس یا رضاکاران کو بائیسکل اسٹیشن کے میرے استعمال کی وجہ سے یا اس کے تعلق سے برداشت کرنے پڑ سکتے ہیں۔

میں بائیسکل اسٹیشن کے ساز و سامان کا خیال رکھنے کی پوری ذمہ داری قبول کرتا ہوں اور ساز و سامان کو جو نقصان پہنچا ہے اس کے لیے (معقول ٹوٹ پھوٹ کو چھوڑ کر)، یا مستعار لیا گیا جو ساز و سامان واپس نہیں کیا گیا ہے اس کے لیے خردہ قیمت تک پوری لاگتیں، 30 دنوں کے اندر، ادا کروں گا۔